


# پتنگ



میاں رشید نے ایک دن پتنگ اُڑائی۔ پتنگ کچھ اونچی ہوگئی تو ہَوا بولی:

''آؤ بی پتنگ! میرے ساتھ آؤ، میں تمھیں دُنیا کی سیر کراؤں۔''

پتنگ بولی: ''جی تو میرا بھی چاہتا ہے۔مگراس ڈور نے مجھے جکڑ رکھا ہے۔''

ہوا بولی: ''ڈرنے کی کیا بات ہے۔ میں تُمھاری مدد کروں گی۔''

وہ بہت تیزی سے چلنے لگی۔

ڈور ٹوٹ گئی۔

ہوا نے کہا: ''لو اب ہم تم دُنیا کی سیر کو جاتے ہیں۔''

وہ خوب تیز چلنے لگی۔ پتنگ کو بھی اُڑائے لیے جا رہی تھی۔

پتنگ گھبرا گئی، چلّا کر کہنے لگی: ''اے ہے، اتنی تیز تو مت چلو۔ میری سانس پھولی جا رہی ہے۔''

ہوا نے ایک زور کا قہقہہ لگایا اور اپنی چال اور بھی تیز کر دی۔



NCERT not to be republished



دونوں بس اُڑے چلے جارہے تھے۔
درختوں پر سے، پہاڑوں پر سے، بہت تیزی سے
گزر رہے تھے۔ اتنے میں سورج کے سامنے بڑا
سا بادل کا ٹکڑا آگیا اور مینہ کی موٹی موٹی بوندیں
پتنگ پر گرنے لگیں۔
پتنگ چلّائی: ''اے بی ہوا ! خدا کے لیے
میری مدد کرو۔ میں بھیگ رہی ہوں۔ میں کیسے اُڑ پاؤں گی؟''



ہوا اُس کے جواب میں ہنس پڑی اور بس!
بوندوں نے پتنگ کو نیچے ڈھکیل دیا۔ وہ ایک
نالے میں آ کر گری۔ پانی اور کیچڑ میں لَت
پَت۔ اب تو پتنگ بہت پچھتائی اور کہنے لگی: ''میں ڈور سے
بندھی رہتی تو کیوں اس مصیبت میں پھنستی؟''

© NCERT not to be republished

## مشق

### 1. پڑھیے اور سمجھیے:

سیر کرنا : گھومنا پھرنا، تفریح کرنا

قہقہہ : آواز کے ساتھ زور سے ہنسنا

مینہ : بارش

سانس پھولنا : ہانپنا

لت پت : گندگی سے بھرا ہوا، خراب حال

## 2. سوچیے اور بتائیے:

1. ہوا نے پتنگ کو کیوں بلایا؟
2. پتنگ کی سانس کیوں پھولنے لگی؟
3. قہقہہ لگانے کے بعد ہوا نے کیا کیا؟
4. پتنگ نالے میں کیسے گری؟
5. نالے میں گرنے کے بعد پتنگ نے کیا کہا؟

## 3. نیچے دیے ہوئے حروف کو ملا کر لفظ بنائیے:

پ + ت + ن + گ = ........................................

س + ا + ن + س = ........................................

م + ص + ی + ب + ت = ........................................

ب + و + ن + د + و + ں = ........................................

## 4. نیچے دی ہوئی خالی جگہوں کو بھریے:

1. میاں رشید نے ایک دن............................اُڑائی۔

© NCERT not to be republished

2. لو! اب ہم تم دنیا کی ..................کو جاتے ہیں۔

3. ہوا نے ایک زور کا..........................لگایا۔

4. بوندوں نے پتنگ کو..........................ڈھکیل دیا۔

5. میں ڈور سے بندھی رہتی تو کیوں اس ..................میں پھنستی۔

## 5. نیچے دیے ہوئے لفظوں میں 'وں' ملا کر جمع بنائیے:

| | | |
|---|---|---|
| مثال: | شہر | شہروں |
| | پتنگ | ........................ |
| | درخت | ........................ |
| | پہاڑ | ........................ |
| | مصیبت | ........................ |
| | بوند | ........................ |

## 6. پڑھیے، سمجھیے اور لکھیے:

اس سبق میں رشید، پتنگ، ہَوا، دنیا، درخت، پہار، سورج وغیرہ الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔ ان لفظوں سے کسی شخص، جگہ یا چیز کے نام کا علم ہو رہا ہے۔ ایسے لفظوں کو 'اسم' کہتے ہیں۔ اس سبق سے پانچ اسم تلاش کر کے آپ بھی لکھیے۔

**تدریسی اشارے:**

☜ اساتذہ سے گزارش ہے کہ طالب علموں کو 'اسم' کی قسمیں بتائیں۔



© NCERT not to be republished

7. خوش خط لکھیے:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| رشید | .................. | .................. | .................. | .................. | .................. |
| تیزی | .................. | .................. | .................. | .................. | .................. |
| مینہ | .................. | .................. | .................. | .................. | .................. |
| ٹکڑا | .................. | .................. | .................. | .................. | .................. |
| کیچڑ | .................. | .................. | .................. | .................. | .................. |

© NCERT not to be republished

